روزنامہ
1913ء سے جاری شدہ
FR-10
# الفضل
The ALFAZL Daily
ٹیلی فون نمبر 047-6213029
ایڈیٹر : عبدالسمیع خان
web: http://www.alfazl.org
email: editor@alfazl.org
سوموار 22/اپریل 2013ء 11 جمادی الثانی 1434 ہجری 22 شہادت 1392 ہش جلد 63-98 نمبر 91

## اللہ کلام نہیں کرے گا

یقیناً وہ لوگ جو اسے چھپاتے ہیں جو کتاب میں سے اللہ نے نازل کیا ہے اور اس کے بدلے معمولی قیمت لے لیتے ہیں، یہی وہ لوگ ہیں جو آگ کے سوا اپنے پیٹوں میں کچھ نہیں جھونکتے اور اللہ ان سے قیامت کے دن کلام نہیں کرے گا اور نہ ہی ان کو پاک کرے گا اور ان کے لئے دردناک عذاب (مقدر) ہے۔

(سورۃ البقرۃ آیت 175)

# اخلاق عالیہ رفقاء حضرت بانی سلسلہ احمدیہ

حضرت خلیفۃ المسیح الاول نے جس طرح عملی نمونہ سے جماعت کے دل میں قرآن کی محبت پیدا کی اس کا ایک نظارہ امرتسر کے ایک صاحب قلم سے ملاحظہ فرمائیے۔

ایک غیر احمدی صحافی محمد اسلم صاحب امرتسر سے قادیان آئے اور چند دن قیام کر کے واپس چلے گئے۔انہوں نے حضرت خلیفۃ المسیح الاول اور جماعت کا نہایت قریب سے مطالعہ کرنے کے بعد اپنے تاثرات پر ایک تفصیلی بیان دیا۔جس سے حضرت خلیفہ اول اور آپ کے عہد خلافت کی قادیان پر بہت تیز روشنی پڑتی ہے۔مسٹر محمد اسلم نے لکھا:

عالم......کی خطرناک تباہ انگیز مایوسیوں نے مجھے اس اصول پر قادیان جانے پر مجبور کیا کہ احمدی جماعت جو بہت عرصے سے یہ دعویٰ کر رہی ہے کہ وہ دنیا کو تحریری وتقریری جنگ سے مغلوب کر کے (دین) کا حلقہ بگوش بنائے گی۔آیا وہ ایسا کرنے کی اہلیت رکھتی ہے۔مولوی نورالدین صاحب جو بوجہ مرزا صاحب کے خلیفہ ہونے کے اس وقت احمدی جماعت کے مسلمہ پیشوا ہیں۔جہاں تک میں نے دو دن ان کی مجالس وعظ و درس قرآن شریف میں رہ کر ان کے کام کے متعلق غور کیا۔مجھے وہ نہایت پاکیزہ اور محض خالصۃً للہ کے اصول پر نظر آیا۔کیونکہ مولوی صاحب کا طرز عمل قطعاً ریا و منافقت سے پاک ہے اور ان کے آئینہ دل میں صداقت (دین) کا ایک ایسا زبردست جوش ہے۔جو معرفت توحید کے شفاف چشمے کی وضع میں قرآن مجید کی آیتوں کی تفسیر کے ذریعہ ہر وقت ان کے بے ریا سینے سے ابل ابل کر تشنگان معرفت توحید کو فیض یاب کر رہا ہے۔اگر حقیقی (دین) قرآن مجید ہے تو قرآن مجید کی صادقانہ محبت جیسی کہ مولوی صاحب موصوف میں میں نے دیکھی ہے اور کسی شخص میں نہیں دیکھی یہ نہیں کہ وہ تقلیداً ایسا کرنے پر مجبور ہیں نہیں بلکہ وہ ایک زبردست فیلسوف انسان ہے اور نہایت ہی زبردست فلسفیانہ تنقید کے ذریعہ قرآن مجید کی محبت میں گرفتار ہو گیا ہے...... مجھے زیادہ تر حیرت اس بات کی ہوئی کہ ایک اسی سالہ بوڑھا آدمی صبح سویرے سے لے کر شام تک جس طرح لگاتار سارا دن کام کرتا رہتا ہے۔وہ متحدہ طور پر آج کل کے تندرست وقوی ہیکل دو تین نوجوانوں سے بھی ہونا مشکل ہے۔

عام طور پر قادیان کی احمدی جماعت کے افراد کو دیکھا گیا۔تو انفرادی طور پر ہر ایک کو توحید کے نشہ میں سرشار پایا گیا اور قرآن مجید کے متعلق جس قدر صادقانہ محبت اس جماعت میں میں نے قادیان میں دیکھی کہیں نہیں دیکھی۔صبح کی نماز منہ اندھیرے چھوٹی بیت میں پڑھنے کے بعد جو میں نے گشت کی تو تمام احمدیوں کو میں نے بلا تمیز بوڑھے وبچے اور نوجوان کے لیمپ کے آگے قرآن مجید پڑھتے دیکھا۔دونوں احمدی (بیوت) میں دو بڑے گروہوں اور سکول کے بورڈنگ میں سینکڑوں لڑکوں کی قرآن خوانی کا مؤثر نظارہ مجھے عمر بھر یاد رہے گا۔حتیٰ کہ احمدی جماعت کے تاجروں کا صبح سویرے اپنی اپنی دکانوں اور احمدی مسافر مقیم مسافر خانے کی قرآن خوانی بھی ایک نہایت پاکیزہ سین (منظر) پیدا کر رہی تھی۔گویا صبح کو مجھے یہ معلوم ہوتا تھا کہ قدسیوں کے گروہ در گروہ آسمان سے اتر کر قرآن مجید کی تلاوت کر کے بنی نوع انسان پر قرآن مجید کی عظمت کا سکہ بٹھانے آئے ہیں۔غرض احمدی قادیان میں مجھے قرآن ہی قرآن نظر آیا۔

(بدر 13 مارچ 1913ء ص 6 تا 9)

## مہلک بیماریوں سے بچانے والی تعلیم

حضرت مسیح موعود فرماتے ہیں۔

’’ہمارا مدعا یہ ہونا چاہئے کہ ہماری دینی تالیفات جو جواہرات تحقیق اور تدقیق سے پر اور حق کے طالبوں کو راہ راست پر کھینچنے والی ہیں جلدی سے اور نیز کثرت سے ایسے لوگوں کو پہنچ جائیں جو بری تعلیموں سے متاثر ہو کر مہلک بیماریوں میں گرفتار یا قریب موت کے پہنچ گئے ہیں اور ہر وقت یہ امر ہمارے مدنظر رہنا چاہئے کہ جس ملک کی موجودہ حالت ضلالت کے سم قاتل سے نہایت خطرہ میں پڑ گئی ہو بلا توقف ہماری کتابیں اس ملک میں پھیل جائیں اور ہر ایک متلاشی حق کے ہاتھ میں وہ کتابیں نظر آویں۔‘‘

(فتح اسلام، روحانی خزائن جلد 3 صفحہ 27)

ان کی کتب کے باقاعدہ مطالعہ کی عادت احباب خود کو بھی ڈالیں اور بچوں کو بھی سمجھالیں۔

(مرسلہ: نظارت اشاعت ربوہ)

---

## عطیہ برائے گندم

ہر سال مستحقین میں گندم بطور امداد تقسیم کی جاتی ہے اس کار خیر میں ہر سال بڑی تعداد میں مخلصین جماعت احمدیہ حصہ لیتے ہیں۔لہٰذا ہمدرد مخلصین جن کو اللہ تعالیٰ نے اپنی نعمتوں اور برکتوں سے نوازا ہے۔ان کی خدمت میں درخواست ہے کہ اس کار خیر میں فراخ دلی سے حصہ لیں۔جملہ نقد عطیہ جات بمد گندم کھاتہ نمبر 455003 معرفت افسر صاحب خزانہ صدر انجمن احمدیہ ربوہ ارسال فرمائیں

(صدر کمیٹی امداد مستحقین گندم دفتر جلسہ سالانہ ربوہ)

مکرم قمر رشید صاحب مربی سلسلہ بینن

# آوٗروگاؤں (بینن) کی بیت الذکر کا شاندار افتتاح

آوٗروگاؤں بینن کی ایک کمیون باسیلہ میں واقع ہے جو کہ باسیلہ سے کوتونو جانے والی مین ہائی وے پر باسیلہ سے 20 کلومیٹر پر برلب سڑک واقع ہے۔اس گاؤں کی آبادی تقریباً 3000 نفوس پر مشتمل ہے جو کہ زیادہ تر مسلمان اور کچھ حصہ عیسائی آبادی پر مشتمل ہے یہاں پر احمدیت کا نفوذ آج سے تقریباً 26 برس پہلے ہوا۔ یہاں پر پچھلے سال بیت الذکر بنانے کی منظوری ہوئی۔ بیت الذکر کا سنگ بنیاد پچھلے سال مارچ 2012ء میں خاکسار نے رکھا۔جس میں خاکسار نے اس علاقہ کے امام اوراس علاقہ کے روایتی بادشاہ کو بھی مدعو کیا تھا۔اس بیت الذکر کی تعمیر میں مقامی جماعت نے بھی بڑھ چڑھ کر حصہ لیا۔ بچے، بوڑھے،مرد،عورتیں سبھی نے اپنی اپنی استطاعت کے مطابق اس بیت الذکر کی تعمیر میں حصہ لیا۔اور وقار عمل سے کافی سارا جماعتی روپیہ بچایا۔خاص طور پر مَیں ذکر کرنا چاہوں گا صدر صاحب جماعت آوٗرو مکرم یعقوبو صالیو صاحب اور ان کے بیٹے مکرم جبرائیل صاحب کا جنہوں نے کئی دن مسلسل محنت کر کے بیت الذکر کی چھت کے لئے لکڑی تلاش کی اور پھر خود اس چھت کو مکمل کیا۔ خدا تعالیٰ ان سب احباب کے اموال ونفوس میں بے انتہا برکت عطا کرے۔ آمین

اکتوبر 2012ء میں بیت الذکر کی عمارت کا کام ختم ہوا اور اس کے بعد رنگ کا کام شروع ہوا۔ جو کہ جلد ہی تکمیل پذیر ہوا۔

6 جنوری 2013ء کا وہ بابرکت دن ہے جب اس بیت الذکر کا باقاعدہ افتتاح عمل میں آیا۔اس غرض سے مکرم نیشنل امیر صاحب بطور خاص تشریف لائے۔

تلاوت مع ترجمہ اور قصیدہ مع ترجمہ کے بعد قصیدہ کے بعد مکرم صدر صاحب احمدیت آوٗرو نے جماعت احمدیہ کا مختصر تعارف کروایا کہ جماعت آوٗرو گاؤں میں کس طرح آئی۔ اس میں انہوں نے بتایا کہ آج سے 26 برس قبل یہاں انہوں نے خود اپنے بھائی کی دعوت پر بیعت کی تھی ۔ان کے بھائی مکرم یعقوبو عثمان صاحب اسی ریجن باسیلہ کی جماعت مانیگری کے فرد ہیں۔اور وہ اس گاؤں کے بادشاہ بھی ہیں۔مکرم بادشاہ صاحب خود بھی اس پروگرام کو رونق بخشنے کیلئے حاضر ہوئے تھے۔اس کے بعد سے اس گاؤں میں احمدیت کا پودا لگا۔اور اب آہستہ آہستہ اس گاؤں میں احمدیت ترقی کر رہی ہے۔

اس کے بعد اس پروگرام میں شامل اس گاؤں کے چیف نے تقریر کی۔ اور اس میں انہوں نے جماعت احمدیہ کی ملک گیر خدمات کو سراہتے ہوئے کہا کہ مَیں اکثر ریڈیو پر جماعتی تعارف سنتا ہوں اور اس ملک کے نیشنل چینل پر جو جماعتی خدمات کے حوالے سے خبریں ملتی ہیں وہ بھی سنتا ہوں اور کہتا ہوں کہ اگرچہ یہ لوگ اس خطہ میں بہت تھوڑے ہیں اور ان کو یہاں آئے ہوئے زیادہ عرصہ بھی نہیں ہوا لیکن جس بے لوث طریقہ سے یہ انسانیت کی خدمت کر رہے ہیں اس کی بات ہی کچھ اور ہے۔انہوں نے مزید کہا کہ میری دعا ہے کہ خدا تعالیٰ اس جماعت کو مزید ترقی دے اور یہ جماعت اس پورے خطہ میں پھیلنے والی ہو۔

اس کے بعد ایک اور قریب کے گاؤں کے چیف نے بھی خطاب کیا اور کہا کہ مَیں احمدیت کے بارہ میں زیادہ تو نہیں جانتا لیکن اتنا ضرور جانتا ہوں کہ ان لوگوں کے بارے میں کبھی کوئی الفاظ برائی کا نہیں سنا۔

اس کے بعد مانیگری علاقے کے بادشاہ جو کہ احمدی ہیں انہوں نے اس گاؤں کے کچھ حالات سے آگاہ کیا اور احمدیت کی عالمگیر خدمات کا تذکرہ کیا۔اور مکرم امیر صاحب کا شکریہ ادا کیا کہ وہ اتنی دور سے ہمیں اس چھوٹے سے گاؤں میں رونق بخشنے آئے ۔ خدا تعالیٰ آپ کو جزا دے کہ آپ کی کوششوں سے یہاں پر بیت الذکر کی تعمیر ممکن ہوئی۔ اور خدا تعالیٰ آپ کی عمر وصحت میں برکت عطا فرمائے۔آمین

اس کے بعد اس علاقہ کے لوکل مشنری مکرم اولابی مصطفیٰ صاحب نے جماعت احمدیہ کی صداقت قرآن مجید سے واضح کی۔اس کے بعد داسا ریجن کے سینٹرل مربی مکرم قیصر محمود طاہر صاحب نے جماعتی ترقیات پر روشنی ڈالی۔

آخر پر مکرم امیر صاحب نے اپنی تقریر میں امام کی اہمیت بیان کی۔اس کے بعد مکرم امیر صاحب اس گاؤں کے چیف اور امام کو لے کر فیتہ کاٹنے کیلئے آگے بڑھے ۔فیتہ کاٹنے کے بعد امیر صاحب نے دعا کروائی۔

دعا کے بعد ظہر اور عصر کی نمازیں جمع کر کے ادا کی گئیں۔نمازوں کی ادائیگی کے بعد تمام حاضرین میں کھانا تقسیم کیا گیا۔

خدا تعالیٰ سے دعا ہے کہ یہ بیت الذکر جماعتی ترقیات میں ایک اہم سنگ میل ثابت ہو اور خدا تعالیٰ اس بیت الذکر کی برکت سے اس سارے علاقے کو احمدیت کی آغوش میں ڈال دے۔آمین۔

(الفضل انٹرنیشنل 15 مارچ 2013ء)

۞۞۞۞۞۞۞۞۞

مکرم سیف اللہ مجید مربی سلسلہ

# جزیرہ تاویونی (فجی) میں جلسہ سیرت النبیؐ کا انعقاد

جماعت احمدیہ تاویونی کو 2۔اکتوبر 2012ء جلسہ سیرت النبیؐ منعقد کرنے کی توفیق ملی ۔اس غرض سے ایک سکول کی عمارت کو منتخب کیا گیا اور حکومتی اور مذہبی اداروں کے اعلیٰ نمائندگان سے ذاتی طور پر جا کر رابطہ کیا گیا۔ ہر مذہب وملت کے لوگوں کو مدعو کیا گیا اور دعوت نامے تقسیم کئے گئے۔

جلسہ کی کارروائی کا آغاز گیارہ بجے صبح تلاوت قرآن کریم سے ہوا اور پھر سیدنا حضرت مسیح موعود کا منظوم نعتیہ کلام انگلش ترجمہ کے ساتھ پیش کیا گیا۔جلسے کی پہلی تقریر مکرم نعیم اقبال صاحب نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی سیرت طیبہ کے حوالے سے کی۔ پھر مکرم راتو احمد صاحب مقامی معلم نے ''دین حق ایک امن پسند مذہب'' کے حوالے سے مقامی زبان فجین میں تقریر کی۔ان کے بعد مکرم فدا حسین صاحب جنرل سیکرٹری تاویونی نے آنحضرتؐ کی سیرت طیبہ کے حوالے سے تقریر کی۔ ان کے بعد مکرم مولانا فضل اللہ طارق صاحب امیر ومشنری انچارج فجی نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی سیرت طیبہ کے چند پہلوؤں پر روشنی ڈالی ۔آخر پر مہمان خصوصی جزیرہ کے ڈسٹرکٹ آفیسر صاحب نے تقریر کی۔ اور کہا کہ جس رنگ میں آنحضرتؐ کی سیرت طیبہ کے کئی پہلوؤں پر روشنی ڈالتے ہوئے تقاریر پیش کی گئی اور احباب جماعت کی طرف سے کئے جانے والے انتظامات اور محبت کے انداز تھے اس نے میڈیا کے ذریعے کی جانے والی گستاخیوں کے غلط اثر کو ایسے دھو ڈالا کہ آنے والے مہمانوں کے چہروں اور گفتگو سے ایک نئے تعلق کا احساس ہو رہا تھا۔انہوں نے یہ بھی کہا کہ جب مجھے دعوت نامہ ملا تو اپنے تاثرات اس کی بنا پر مَیں حیران تھا۔ مجھے ان لوگوں نے کیوں بلایا ہے۔لیکن یہاں آکر احساس ہوا کہ دین حق دوسروں سے کتنا پیار کرنے اور عزت دینے والا مذہب ہے اور کتنا پُرامن مذہب ہے۔

ایسے ہی جذبات کا اظہار ہر آنے والے غیر مذہب کے ماننے والوں کا تھا۔دیگر مہمانوں نے رسول اللہؐ کے متعلق بنائی جانے والی فلم کے خلاف اپنے جذبات کا اظہار کیا۔

آخر پر مکرم امیر صاحب نے آنے والے مہمانوں کا شکریہ ادا کیا اور مہمان خصوصی کو قرآن مجید اور اسلامی اصول کی فلاسفی کا تحفہ پیش کیا اور یوں یہ جلسہ تقریباً دو بجے دعا کے ساتھ ختم ہوا۔

اس جلسہ میں کل حاضری 120 سے زائد رہی اور اس میں مہمانوں کی تعداد 80 کے قریب تھی۔

قارئین الفضل سے درخواست دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ اس جلسہ کے نیک ثمرات عطا فرمائے اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی محبت کا جھنڈا ہر دل میں مضبوطی سے گاڑنے کی توفیق دیتا چلا جائے۔ آمین ثم آمین۔

(الفضل انٹرنیشنل 15 مارچ 2013ء)

۞۞۞۞۞۞۞۞۞

# والدین سے حسن سلوک

حضرت خلیفۃ المسیح الاول سورۃ البقرہ کی آیت 84 کی تفسیر کرتے ہوئے فرماتے ہیں:۔

بڑے ہی بدقسمت وہ لوگ ہیں جن کے ماں باپ دنیا سے خوش ہو کر نہیں گئے۔ باپ کی رضامندی کو میں نے دیکھا ہے اللہ کی رضامندی کے نیچے ہے اور اس سے زیادہ کوئی نہیں۔افلاطون نے غلطی کھائی ہے۔وہ کہتا ہے ''ہماری روح جو اوپر اور منزہ تھی ہمارے باپ اسے نیچے گرا کر لے آئے''۔ وہ جھوٹ بولتا ہے۔وہ کیا سمجھتا ہے کہ روح کیا ہے۔نبیوں نے بتلایا ہے کہ یہاں ہی باپ نطفہ تیار کرتا ہے پھر ماں اس نطفہ کو لیتی ہے اور بڑی مصیبتوں سے اسے پالتی ہے۔نو مہینے پیٹ میں رکھتی ہے۔ بڑی مشقت سے حملتہ کرھاً ووضعتہ کرھا (احقاف:16) اسے مشقت سے اٹھائے رکھتی ہے اور مشقت سے جنتی ہے۔اس کے بعد وہ دوسال یا کم از کم پونے دوسال اسے بڑی تکلیف سے رکھتی ہے اور اسے پالتی ہے۔ رات کو اگر وہ پیشاب کر دے تو بستر کی گیلی طرف اپنے نیچے کر دیتی ہے اور خشک طرف بچے کو کر دیتی ہے۔انسان کو چاہئے کہ اپنے ماں باپ (یہ بھی میں نے اپنے ملک کی زبان کے مطابق کہہ دیا ورنہ باپ کا حق اول ہے اس لئے باپ ماں کہنا چاہئے) سے بہت ہی نیک سلوک کرے۔تم میں سے جس کے ماں باپ زندہ ہیں وہ ان کی خدمت کرے اور جس کا ایک یا دونوں وفات پا گئے ہیں وہ ان کے لئے دعا کرے،صدقہ دے اور خیرات کرے۔......

(حقائق الفرقان جلد اول ص 183)

پبلشر وپرنٹر: طاہر مہدی امتیاز احمد وڑائچ | مطبع: ضیاء الاسلام پریس | مقام اشاعت: دارالنصر غربی چناب نگر ربوہ | قیمت 5 روپے

# نتیجہ فائنل پرچہ روحانی خزائن جلد 20 (از صفحہ 1 تا 460)

## نظارت اصلاح وارشاد مرکزیہ ربوہ

اللہ تعالیٰ کے فضل سے روحانی خزائن جلد 20 فائنل پرچہ کے کل 42317 حل شدہ پرچہ جات نظارت ہذا کو موصول ہوئے۔ جن میں سے 41602 درست پرچوں کا رزلٹ پیش خدمت ہے۔

### سب سے پہلے موصول ہونے والے پرچہ جات

| تنظیم | نام | ولدیت/زوجیت | پتہ | حاصل کردہ نمبر |
|---|---|---|---|---|
| انصاراللہ | یونس علی آصف | عبدالرحیم | گاڑی کھاتہ۔ حیدرآباد | 90 |
| خدام الاحمدیہ | سید شعیب اللہ | سید ناصر احمد | دارالنصر شرقی نور۔ ربوہ | 84 |
| اطفال الاحمدیہ | شہریار نواز گوندل | محمد نواز گوندل | شہر۔ بھکر | 85 |
| لجنہ اماء اللہ | حافظہ تہمینہ طلعت | حافظ عبدالمنان کوثر | دارالفضل شرقی عزیز۔ ربوہ | 88 |
| ناصرات الاحمدیہ | فریدہ بانی | مسعود احمد شاہد | دارالصدر شمالی ھدیٰ۔ ربوہ | 92 |
| پہلی فیکس | سہیل شہزاد | رشید احمد ارشد | لطیف آباد۔ حیدرآباد | 98 |
| پہلی ای میل | محمد عامر ملک | ملک محمد ممتاز | شہر۔ بھکر | 93 |

### تعداد کے لحاظ سے تنظیموں کی پوزیشن

| تنظیم | تعداد پرچہ جات | پوزیشن | حاصل کردہ فیصد نمبر |
|---|---|---|---|
| خدام الاحمدیہ | 16212 | اول | 74.04 |
| لجنہ اماء اللہ | 14507 | دوم | 81.89 |
| انصاراللہ | 10341 | سوم | 75.93 |
| ناصرات الاحمدیہ | 422 | | 78.58 |
| اطفال الاحمدیہ | 120 | | 77.90 |
| میزان | 41602 | | |

### تعداد کے لحاظ سے اضلاع کی پوزیشن

| نمبر شمار | ضلع/ریجن | انصاراللہ | خدام الاحمدیہ | اطفال الاحمدیہ | لجنہ اماء اللہ | ناصرات الاحمدیہ | ٹوٹل |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 1 | ربوہ (اول) | 2601 | 5648 | 3 | 4377 | 35 | 12664 |
| 2 | کراچی (دوم) | 1051 | 1489 | 5 | 2106 | 218 | 4869 |
| 3 | لاہور (سوم) | 1351 | 1996 | | 928 | | 4275 |
| 4 | سیالکوٹ | 393 | 1326 | | 1035 | | 2754 |
| 5 | راولپنڈی | 249 | 343 | 6 | 767 | 14 | 1379 |
| 6 | فیصل آباد | 502 | 454 | 1 | 293 | | 1250 |
| 7 | عمرکوٹ | 315 | 425 | 2 | 349 | 3 | 1094 |
| 8 | اسلام آباد | 259 | 300 | | 479 | | 1038 |
| 9 | حیدرآباد | 169 | 360 | 4 | 385 | 17 | 935 |
| 10 | شیخوپورہ | 288 | 270 | 1 | 179 | 4 | 742 |
| 11 | گجرات | 246 | 128 | | 208 | 3 | 585 |
| 12 | سرگودھا | 194 | 142 | | 218 | 1 | 555 |
| 13 | میرپور Ak | 109 | 184 | | 218 | 6 | 517 |
| 14 | گوجرانوالہ | 207 | 33 | | 271 | | 511 |
| 15 | بہاولپور | 146 | 136 | 3 | 150 | 4 | 439 |
| 16 | میرپورخاص | 118 | 155 | | 142 | 11 | 426 |
| 17 | ملتان | 85 | 142 | | 194 | | 421 |
| 18 | ساہیوال | 116 | 87 | 7 | 188 | 1 | 399 |
| 19 | ننکانہ صاحب | 175 | 163 | | 58 | | 396 |
| 20 | اوکاڑہ | 72 | 129 | 2 | 173 | 14 | 390 |
| 21 | چنیوٹ | 98 | 242 | | 15 | | 355 |
| 22 | نواب شاہ | 52 | 164 | 6 | 120 | 3 | 345 |
| 23 | مظفرگڑھ | 75 | 81 | 39 | 96 | 37 | 328 |
| 24 | بدین | 17 | 175 | 3 | 115 | 10 | 320 |
| 25 | ڈیرہ غازیخان | 82 | 135 | | 96 | 1 | 314 |
| 26 | وہاڑی | 52 | 99 | 16 | 103 | 9 | 279 |
| 27 | لیہ | 83 | 148 | | 31 | | 262 |
| 28 | بہاولنگر | 180 | 58 | | 16 | 1 | 255 |
| 29 | منڈی بہاؤالدین | 68 | 96 | 2 | 81 | 1 | 248 |
| 30 | خانیوال | 63 | 57 | 6 | 112 | 4 | 242 |
| 31 | چکوال | 19 | 69 | | 150 | | 238 |
| 32 | قصور | 50 | 74 | | 108 | 5 | 237 |
| 33 | جہلم | 58 | 79 | 1 | 89 | 1 | 228 |
| 34 | کوٹلی AK | 78 | 127 | | 2 | | 207 |
| 35 | حافظ آباد | 109 | 96 | | | | 205 |
| 36 | خوشاب | 81 | 15 | | 108 | | 204 |
| 37 | نارووال | 123 | 65 | | | | 188 |
| 38 | پشاور | 37 | 45 | | 99 | | 181 |
| 39 | سانگھڑ | 50 | 45 | 2 | 76 | 3 | 176 |
| 40 | لودھراں | 2 | 83 | | 64 | | 149 |
| 41 | ہزارہ ڈویژن | 28 | 43 | | 74 | 1 | 146 |
| 42 | راجن پور | 30 | 37 | | 50 | 1 | 118 |
| 43 | لاڑکانہ | 69 | 30 | 1 | 8 | 1 | 109 |
| 44 | بھکر | 20 | 17 | 8 | 43 | 12 | 100 |
| 45 | کوئٹہ | 14 | 41 | 1 | 21 | | 77 |
| 46 | خیرپور | 23 | 25 | | 20 | | 68 |
| 47 | جھنگ | 20 | 24 | | 21 | | 65 |
| 48 | ٹوبہ ٹیک سنگھ | 64 | | | | | 64 |
| 49 | مردان | 11 | 19 | | 18 | | 48 |
| 50 | نوشہرو فیروز | 9 | 20 | | 12 | | 41 |
| 51 | ٹھٹھہ | | 41 | | | | 41 |
| 52 | اٹک | 1 | 23 | | 15 | | 39 |
| 53 | میانوالی | 9 | 8 | 1 | 15 | | 33 |
| 54 | رحیم یار خان | 10 | 10 | | 2 | 1 | 23 |
| 55 | مظفرآباد Ak | 4 | 11 | | 5 | | 20 |
| 56 | سکھر | 4 | | | 3 | | 7 |
| 57 | بیرون | 2 | | | 1 | | 3 |
| | میزان | 10341 | 16212 | 120 | 14507 | 422 | 41602 |

### نمبروں کے لحاظ سے پوزیشن (پرچہ کے کل 100 نمبر تھے) 98 نمبر حاصل کرنے والے

| نمبر شمار | نام | ولدیت/زوجیت | پتہ | جماعت | تنظیم |
|---|---|---|---|---|---|
| 1 | چوہدری مبارک مصلح الدین احمد | حضرت صوفی غلام محمد | کوارٹرز تحریک جدید | ربوہ | انصاراللہ |
| 2 | صاحبزادی امتہ القدوس | صاحبزادہ مرزا غلام احمد | دارالصدر شمالی انوار | ربوہ | لجنہ اماء اللہ |
| 3 | سیدہ عفت نسرین | مرزا خلیل احمد یعقوب | ماڈل ٹاؤن ھمک | اسلام آباد | لجنہ اماء اللہ |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| 4 | مظفر احمد | محمد اسماعیل | شہر | گجرات | انصاراللہ |
| 5 | چوہدری نسیم احمد | چوہدری فضل الٰہی | کھاریاں شہر | گجرات | انصاراللہ |
| 6 | مبارک احمد بھٹی | محمد صدیق بھٹی | 6/7 ایف | اسلام آباد | انصاراللہ |
| 7 | سیدہ امتہ الرؤف | سیدتا شیر مجتبیٰ | حلقہ بیت المبارک | ربوہ | لجنہ اماء اللہ |
| 8 | سہیل شہزاد | رشید احمد ارشد | لطیف آباد | حیدرآباد | خدام الاحمدیہ |
| 9 | آرکیٹکٹ شعیب احمد ہاشمی | محمد شفیع ہاشمی | گلشن اقبال غربی | کراچی | انصاراللہ |
| 10 | طیبہ صدیقہ | سید محمود احمد | حلقہ بیت المبارک | ربوہ | لجنہ اماء اللہ |
| 11 | محمد یوسف بقاپوری | محمد اسماعیل بقاپوری | جی ایچ ایس | اسلام آباد | انصاراللہ |
| 12 | ڈاکٹر منیر حسین چوہدری | چوہدری عزیز حسین | شہر | گجرات | انصاراللہ |
| 13 | عمر حیات | محمد صدیق | فیکٹری ایریا سلام | ربوہ | انصاراللہ |
| 14 | بشارت احمد طاہر | مرزا برکت علی | کھاریاں | گجرات | انصاراللہ |
| 15 | مرزا رفیق احمد | مرزا قدرت اللہ | واہ کینٹ | راولپنڈی | انصاراللہ |
| 16 | عبدالمنان فیاض | حکیم محمد رمضان | حلقہ جنوبی | اسلام آباد | انصاراللہ |
| 17 | منیر الدین بھٹی | احمد دین بھٹی | گلشن جامی | کراچی | انصاراللہ |
| 18 | عبدالباسط | علی محمد | میرا بھڑکا | میرپور AK | انصاراللہ |
| 19 | امینہ بیگم | محمد اسحٰق | شہر | گجرات | لجنہ اماء اللہ |
| 20 | نصیرہ عزیز طاہر | ایم سعد اللہ خان | ناصرآباد شرقی | ربوہ | لجنہ اماء اللہ |
| 21 | سلمیٰ شاہد | شاہد خلیل | مارگلہ ٹاؤن | اسلام آباد | لجنہ اماء اللہ |
| 22 | ندا رفیق | رفیق احمد | نصیر آباد سلطان | ربوہ | لجنہ اماء اللہ |
| 23 | نعمت اللہ جاوید | عنایت اللہ | شہر | قصور | انصاراللہ |
| 24 | شریف احمد اشرف | حافظ احمد علی | فیکٹری ایریا سلام | ربوہ | انصاراللہ |
| 25 | مسعود احمد باجوہ | ظہور الدین باجوہ | دارالصدر غربی قمر | ربوہ | انصاراللہ |
| 26 | مبشر احمد اعجاز | اعجاز احمد | عزیز آباد | کراچی | انصاراللہ |
| 27 | میاں مجید الرحمٰن | میاں نذیر احمد | فیصل ٹاؤن | لاہور | انصاراللہ |
| 28 | زاہد مسعود خان | چوہدری عزیز مسعود خان | دارالذکر | فیصل آباد | انصاراللہ |
| 29 | مبشر احمد | شمس الباری | نارتھ کراچی | کراچی | انصاراللہ |

## 97 نمبر حاصل کرنے والے

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| 1 | ضیاء اللہ بٹر | جہان خاں | وحدت کالونی | لاہور | انصاراللہ |
| 2 | انجینئر محمود مجیب اصغر | فضل الرحمٰن بسمل | دارالصدر شمالی انوار | ربوہ | انصاراللہ |
| 3 | امجد سیلونی | محمد حنیف سیلونی | دارالیمن غربی شکر | ربوہ | انصاراللہ |
| 4 | امتہ الحلیم | کرنل حبیب رضوان | کینٹ | گوجرانوالہ | لجنہ اماء اللہ |
| 5 | عذرا داؤد | داؤد احمد | دھمیال کیمپ | راولپنڈی | لجنہ اماء اللہ |
| 6 | انیسہ قدیر | طارق قدیر | ایوان توحید | راولپنڈی | لجنہ اماء اللہ |
| 7 | حبیب احمد | محمد اسماعیل | شہر | خانیوال | انصاراللہ |
| 8 | رفیع احمد طاہر | مقبول احمد | سانگلہ ہل | ننکانہ صاحب | انصاراللہ |
| 9 | صبا رفیق | رفیق احمد | نصیر آباد سلطان | ربوہ | لجنہ اماء اللہ |
| 10 | شمیم چوہدری | عزیز پرویز | احمد نگر | ربوہ | لجنہ اماء اللہ |
| 11 | قیصر محمود | چوہدری خالد ممتاز | دارالانوار | ربوہ | خدام الاحمدیہ |
| 12 | رفیق احمد ججہ | محمد علی | شہر | میرپور خاص | انصاراللہ |
| 13 | طارق محمود کھوکھر | چوہدری دین محمد | محمود ہال | نواب شاہ | انصاراللہ |
| 14 | غزالہ قیصر | قیصر محمود | دارالانوار | ربوہ | لجنہ اماء اللہ |
| 15 | عبدالسلام شاہد | عبدالمنان | مزنگ | لاہور | انصاراللہ |
| 16 | فرح دیبا | ملک انوار احمد | ٹیکسلا | راولپنڈی | لجنہ اماء اللہ |
| 17 | زنیرہ شبیر | محمد شبیر شاہد | واہ کینٹ | راولپنڈی | ناصرات الاحمدیہ |
| 18 | طاہرہ شبیر | محمد شبیر شاہد | واہ کینٹ | راولپنڈی | لجنہ اماء اللہ |
| 19 | عزیز احمد طاہر | عبداللطیف | ناصرآباد شرقی | ربوہ | انصاراللہ |
| 20 | نورالٰہی بشیر | فضل الٰہی بشیر | گلشن پارک | لاہور | انصاراللہ |
| 21 | شیخ اعجاز احمد | شیخ محمد شفیع | جوہر ٹاؤن | لاہور | انصاراللہ |
| 22 | شیخ افضل الحق | شیخ فضل الحق | واہ کینٹ | راولپنڈی | انصاراللہ |
| 23 | رحمت علی ظہور | جہان خان | شالامار ٹاؤن | لاہور | انصاراللہ |
| 24 | ظفر اللہ خان مبشر | ماسٹر سعد اللہ خان | گلستان جوہر جنوبی | کراچی | انصاراللہ |
| 25 | عائشہ طاہر | طاہر محمود احمد | I-8/1 | اسلام آباد | لجنہ اماء اللہ |
| 26 | نگہت فردوس | عبدالسلام | دارالفتوح شرقی | ربوہ | لجنہ اماء اللہ |
| 27 | بلقیس چیمہ | وسیم احمد چیمہ | ایف 7 | اسلام آباد | لجنہ اماء اللہ |
| 28 | سیدہ نصرت جہاں | سید ناصر محمود | حیات آباد | پشاور | لجنہ اماء اللہ |
| 29 | ھبۃ المنعم | سید عزیر عزیز شاہ | G 10 | اسلام آباد | لجنہ اماء اللہ |
| 30 | امتہ الحلیم شاہدہ | احمد علی اسلم | دفتر لجنہ اماء اللہ پاکستان | ربوہ | لجنہ اماء اللہ |
| 31 | سعدیہ سیف خان | خالد سیف اللہ خان | بہارہ کہو | اسلام آباد | لجنہ اماء اللہ |
| 32 | شائلہ احسن | محمد احسن | عزیز آباد | کراچی | لجنہ اماء اللہ |
| 33 | چوہدری منور احمد | چوہدری نواب دین | OTTAWA | CANADA | انصاراللہ |
| 34 | صبا رفیق | مدثر رفیق | نارتھ | کراچی | لجنہ اماء اللہ |
| 35 | رضیہ اکبر | محمد اکبر | گلشن جامی | کراچی | لجنہ اماء اللہ |
| 36 | قدسیہ کامران | کامران حیدر | حیات آباد | پشاور | لجنہ اماء اللہ |
| 37 | شاہدہ غنی | ملک عبدالغنی اعوان | کوٹ شہاب الدین | لاہور | لجنہ اماء اللہ |
| 38 | نعیمہ مقصود | مقصود احمد | ماڈل ٹاؤن | لاہور | لجنہ اماء اللہ |
| 39 | لبنیٰ بشارت | بشارت احمد | گلشن جامی | کراچی | لجنہ اماء اللہ |
| 40 | نعیمہ حمید | حمید اللہ خان | دارالصدر شرقی الف | ربوہ | لجنہ اماء اللہ |
| 41 | طیبہ امین | محمد امین چیمہ | کوارٹرز تحریک جدید | ربوہ | لجنہ اماء اللہ |
| 42 | بشیر احمد شاہد | میاں محمد نذیر | دارالصدر غربی قمر | ربوہ | انصاراللہ |
| 43 | ندا مختار | سلطان احمد | شہر | بھکر | لجنہ اماء اللہ |
| 44 | ڈاکٹر مبشر احمد طاہر | محمد اسلم طاہر | رچنا ٹاؤن | لاہور | انصاراللہ |
| 45 | صوفیہ ثمن | امتیاز احمد رانا | باغبانپورہ | لاہور | لجنہ اماء اللہ |
| 46 | محمد اشرف تارڑ | عبدالغنی تارڑ | کولوتارڑ | حافظ آباد | انصاراللہ |
| 47 | عدیلہ مبشر | ڈاکٹر مبشر احمد طاہر | رچنا ٹاؤن | لاہور | لجنہ اماء اللہ |
| 48 | سید منور احمد شاہ | سید مختار احمد شاہ | وحدت کالونی | لاہور | انصاراللہ |
| 49 | پیرزادہ نعیم احمد جاوید | پیرزادہ سلطان عالم ہاشمی | شہر | گجرات | انصاراللہ |
| 50 | مبارک احمد اعوان | صوفی رحمت اللہ | شہر | پشاور | انصاراللہ |

## 96 نمبر حاصل کرنے والے

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| 1 | ماجدہ اکرم | مرزا محمد اکرم | دارالصدر شرقی طاہر | ربوہ | لجنہ اماء اللہ |
| 2 | سراج بی بی | شریف احمد اشرف | فیکٹری ایریا سلام | ربوہ | لجنہ اماء اللہ |
| 3 | عتیقہ رفیق | رفیق احمد | نصیر آباد سلطان | ربوہ | لجنہ اماء اللہ |
| 4 | نور جہان صاحبزادہ | صاحبزادہ مشتاق احمد | حیات آباد | پشاور | لجنہ اماء اللہ |
| 5 | محمد عثمان شاہد | محمد صدیق | لانڈھی | کراچی | انصاراللہ |
| 6 | بشریٰ مسعود باجوہ | مسعود احمد باجوہ | دارالصدر غربی قمر | ربوہ | لجنہ اماء اللہ |
| 7 | صفیہ خالد گورائیہ | محمد خالد گورائیہ | فیکٹری ایریا احمد | ربوہ | لجنہ اماء اللہ |
| 8 | سیدہ بشریٰ بیگم | سید اسد احمد شاہ | دارالصدر شرقی الف | ربوہ | لجنہ اماء اللہ |
| 9 | وجیہہ کنول | ولایت اللہ | دارالعلوم شرقی مسرور | ربوہ | لجنہ اماء اللہ |
| 10 | امتہ القیوم سمیع | قاضی عبدالسمیع | فیصل ٹاؤن | لاہور | لجنہ اماء اللہ |
| 11 | امتہ الحکیم لبیقہ | منیر احمد منیب | دارالعلوم غربی ثناء | ربوہ | لجنہ اماء اللہ |
| 12 | مدیحہ ارم | فضل الٰہی | دارالفضل شرقی عزیز | ربوہ | لجنہ اماء اللہ |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| 13 | مسعود احمد | محمد انور | باب الابواب شرقی | ربوہ | انصاراللہ |
| 14 | میاں عبدالرزاق | صوفی عبدالمجید احمد | شہر | میرپور AK | انصاراللہ |
| 15 | نعیمہ فردوس | شیخ ارشاد احمد | شہر | اوکاڑہ | لجنہ اماءاللہ |
| 16 | شاہانہ حفیظ | عبدالحفیظ | گلشن اقبال غربی | کراچی | لجنہ اماءاللہ |
| 17 | زینت ایثار | ایثار احمد | دارالعلوم شرقی مسرور | ربوہ | لجنہ اماءاللہ |
| 18 | سیدہ امینہ نعیم | محمد حنیف نعیم | گلشن جامی | کراچی | لجنہ اماءاللہ |
| 19 | شہناز کوثر | طاہر محمود احمد | دارالعلوم شرقی برکت | ربوہ | لجنہ اماءاللہ |
| 20 | حبۃ الاعلیٰ | غلام احمد سرور | دارالصدر جنوبی | ربوہ | لجنہ اماءاللہ |
| 21 | فرزانہ | قاضی محمد اجمل | PWD | اسلام آباد | لجنہ اماءاللہ |
| 22 | ثمر احمد علی | شمشاد علی | گلشن عمیر | کراچی | خدام الاحمدیہ |
| 23 | امۃ الرؤف طاہر | سید عبدالکریم طاہر | دارالعلوم غربی صادق | ربوہ | لجنہ اماءاللہ |
| 24 | نعیمہ ظہیر | ظہیر احمد | بیت النور | لاہور | لجنہ اماءاللہ |
| 25 | بشریٰ نور | منور احمد شاہد | واہ کینٹ | راولپنڈی | لجنہ اماءاللہ |
| 26 | امۃ النصیر | نصیر احمد ناصر | شہر | شیخوپورہ | لجنہ اماءاللہ |
| 27 | ذکیہ بیگم | مظفر احمد قریشی | دارالبرکات | ربوہ | لجنہ اماءاللہ |
| 28 | ماریہ عطاء | عطاء السلام | لالہ زار | راولپنڈی | لجنہ اماءاللہ |
| 29 | حمامۃ الحبیب | ندیم جمشید | دارالصدر غربی لطیف | ربوہ | لجنہ اماءاللہ |
| 30 | صائمہ خالدہ | طاہر جمیل احمد بٹ | دارالصدر غربی لطیف | ربوہ | لجنہ اماءاللہ |
| 31 | روبینہ آصف | آصف ساہی | ڈسکہ کلاں | سیالکوٹ | لجنہ اماءاللہ |
| 32 | ریحانہ معراج ابڑو | معراج احمد ابڑو | گولارچی | بدین | لجنہ اماءاللہ |
| 33 | معراج احمد ابڑو | منظور احمد ابڑو | گولارچی | بدین | خدام الاحمدیہ |
| 34 | افتخار احمد خاں | چوہدری کرامت اللہ | لطیف آباد | حیدرآباد | انصاراللہ |
| 35 | عبدالعزیز | عبدالقادر | شہر | سرگودھا | انصاراللہ |
| 36 | نصیر احمد ناصر | شریف احمد ناصر | واہ کینٹ | راولپنڈی | انصاراللہ |
| 37 | ایم اے لطیف شاہد | فضل الرحمٰن | غربی | اسلام آباد | انصاراللہ |
| 38 | قاضی محمد اجمل | قاضی محمد اسلم | PWD | اسلام آباد | انصاراللہ |
| 39 | سعدیہ انور | انور احمد بلوچ | ماڈل ٹاؤن ھمک | اسلام آباد | لجنہ اماءاللہ |
| 40 | صبیحہ شوکت | قریشی عبدالغنی | دارالصدر شرقی طاہر | ربوہ | لجنہ اماءاللہ |
| 41 | ڈاکٹر شہناز اختر | چوہدری برکت علی | دارالنصر شرقی محمود | ربوہ | لجنہ اماءاللہ |
| 42 | وجاہت احمد قمر | چوہدری بشیر احمد | چک 45 رب | ننکانہ صاحب | خدام الاحمدیہ |
| 43 | درثمین احمد | ڈاکٹر مسرور احمد | ڈرگ کالونی | کراچی | لجنہ اماءاللہ |
| 44 | ماریہ | غلام حسین | اسٹیل ٹاؤن | کراچی | لجنہ اماءاللہ |
| 45 | شافی خوشنود | خوشنود احمد | اسٹیل ٹاؤن | کراچی | لجنہ اماءاللہ |
| 46 | عائرہ چوہدری | چوہدری ارشد علی | محمود آباد | کراچی | ناصرات الاحمدیہ |
| 47 | امۃ المعطی خرم | مرزا توفیق احمد | حلقہ بیت المبارک | ربوہ | لجنہ اماءاللہ |
| 48 | امۃ الاکبر ماریہ | مرزا توصیف احمد | حلقہ بیت المبارک | ربوہ | لجنہ اماءاللہ |
| 49 | ابتسام احمد ابڑو | معراج احمد ابڑو | گولارچی | بدین | اطفال الاحمدیہ |
| 50 | راحیلہ راشد | فضل احمد راشد | گلشن جامی | کراچی | لجنہ اماءاللہ |
| 51 | شوکت جہاں | نورالدین صدیقی | گلشن جامی | کراچی | لجنہ اماءاللہ |
| 52 | اسماء خان | ابرار احمد | گلشن جامی | کراچی | لجنہ اماءاللہ |
| 53 | نرگس قیصر | قیصر عزیز | گلشن جامی | کراچی | لجنہ اماءاللہ |
| 54 | کومل نعیم | نعیم اللہ | گلشن جامی | کراچی | لجنہ اماءاللہ |
| 55 | مدیحہ ثمر | محمد اکبر | گلشن جامی | کراچی | لجنہ اماءاللہ |
| 56 | عتیقہ نصرت | منیرالدین | گلشن جامی | کراچی | لجنہ اماءاللہ |
| 57 | کوثر فاروق | ظہیر احمد فاروق | 1/6 ایف | اسلام آباد | لجنہ اماءاللہ |
| 58 | نادیہ عاطف | عاطف مقبول | محمود آباد | کراچی | لجنہ اماءاللہ |
| 59 | ایوشا خالد | خالد محمود | گلشن اقبال غربی | کراچی | لجنہ اماءاللہ |
| 60 | ثمینہ سعید | راجہ سعید احمد | ماڈل کالونی | کراچی | لجنہ اماءاللہ |
| 61 | سمیرہ نورین | عبدالخالق شاد | گلشن پارک | لاہور | لجنہ اماءاللہ |
| 62 | فرزانہ عزیز | عبدالعزیز | گلشن پارک | لاہور | لجنہ اماءاللہ |
| 63 | عروج شہباز | شہباز احمد ملک | مغل پورہ | لاہور | لجنہ اماءاللہ |
| 64 | مریم حناء | جاوید احمد | گولیکی | گجرات | لجنہ اماءاللہ |
| 65 | فہمیدہ عمران | عمران احمد | لالہ زار | راولپنڈی | لجنہ اماءاللہ |
| 66 | مسرت جبین | منور احمد تنویر | دارالصدر شرقی طاہر | ربوہ | لجنہ اماءاللہ |
| 67 | عافیہ کنول | محمد شفیق طاہر | دارالصدر شمالی ہدیٰ | ربوہ | لجنہ اماءاللہ |
| 68 | شازیہ حنان | عبدالحنان | ریلوے کالونی | لاہور | لجنہ اماءاللہ |
| 69 | عظمیٰ رانی | فیض احمد | بادامی باغ | لاہور | لجنہ اماءاللہ |
| 70 | ماہم نذیر | نذیر احمد مبشر | کریم پارک | لاہور | لجنہ اماءاللہ |
| 71 | رمیزہ مبشر | نذیر احمد مبشر | کریم پارک | لاہور | لجنہ اماءاللہ |
| 72 | خولہ رفیق | رفیق احمد ظفر | واہ کینٹ | راولپنڈی | لجنہ اماءاللہ |
| 73 | حمامہ وسیم احمد | شیخ وسیم احمد | گلشن اقبال | کراچی | لجنہ اماءاللہ |
| 74 | نصرت ابصار | ابصار احمد | حیات آباد | پشاور | لجنہ اماءاللہ |
| 75 | ڈاکٹر محمد عمران | عطاء اللہ | کینٹ | اوکاڑہ | خدام الاحمدیہ |
| 76 | احمد داؤد | محمد یعقوب | دارالصدر شرقی طاہر | ربوہ | خدام الاحمدیہ |
| 77 | محمد سفیر | محمد صدیق بھٹی | شہر | اسلام آباد | خدام الاحمدیہ |
| 78 | صائمہ مجیب | مجیب احمد قاسم | دارالفتوح شرقی | ربوہ | لجنہ اماءاللہ |
| 79 | محمد امین چیمہ | محمد طفیل چیمہ | کوارٹر تحریک جدید | ربوہ | انصاراللہ |
| 80 | حبیب اللہ شاد | شاہ دین | دارالنصر شرقی محمود | ربوہ | انصاراللہ |
| 81 | خالد سیف اللہ | عباد اللہ خان | بہارہ کہو | اسلام آباد | انصاراللہ |
| 82 | مجیب احمد | مولوی احمد علی اسلم | دارالفتوح شرقی | ربوہ | انصاراللہ |
| 83 | منور احمد خالد | بشیر احمد گوندل | بیت المحمود | راولپنڈی | انصاراللہ |
| 84 | فیاض احمد | چوہدری غلام احمد | جرمنی | بیرون | انصاراللہ |
| 85 | عطاء الہادی | طاہر احمد | شمس آباد | راولپنڈی | خدام الاحمدیہ |
| 86 | محمد یونس بلوچ | جان محمد | شہر | میرپور خاص | انصاراللہ |
| 87 | سلمیٰ نزہت | حمید احمد | شہر | اٹک | لجنہ اماءاللہ |
| 88 | ناصرہ ایوب | شیخ محمد ایوب قمر | دارالیمن شرقی صادق | ربوہ | لجنہ اماءاللہ |
| 89 | سیدہ نفیسہ منور | سید منور شاہ | بیت التوحید | لاہور | لجنہ اماءاللہ |
| 90 | نعمت اللہ قریشی | عطاء اللہ | فیصل ٹاؤن | لاہور | انصاراللہ |
| 91 | سعدیہ امتیاز | امتیاز حسین | ملیر کالونی | کراچی | لجنہ اماءاللہ |
| 92 | ڈاکٹر امتیاز احمد رانا | سردار علی | باغبانپورہ | لاہور | خدام الاحمدیہ |
| 93 | امۃ الحنیف جاوید | عبدالکریم جاوید | حلقہ شمالی | اسلام آباد | لجنہ اماءاللہ |
| 94 | امۃ الحفیظ عابدہ | حافظ مظفر احمد | دارالصدر شرقی الف | ربوہ | لجنہ اماءاللہ |
| 95 | سردار علی | خوشی محمد | باغبانپورہ | لاہور | انصاراللہ |

☆ تمام احباب وخواتین جنہوں نے پرچے حل کر کے بھجوائے ہیں ان کو چند روز تک اسناد بھجوا دی جائیں گی وہ اپنے حلقہ کے مربی صاحب سے حاصل کر لیں۔ مرکز سے رابطہ کی ضرورت ہوتو فون 047-6212220 اور موبائل 03426922533 پر رابطہ کیا جا سکتا ہے۔نظارت کا ای۔میل nazarat.markazia@saapk.org ہے۔

**حضرت مسیح موعود کی یہ بھی خواہش تھی کہ ''سب دوستوں کے واسطے ضروری ہے کہ ہماری کتب کم از کم ایک دفعہ ضرور پڑھ لیا کریں۔''**

یہ حضرت مسیح موعود کی خواہش ہی نہیں بلکہ آپ نے تاکید کی ہے اور کتب کو پڑھنا ضروری قرار دیا ہے۔اس لئے سب احباب کتب حضرت مسیح کا مطالعہ ہر روزہ معمول بنالیں۔

مکرم رانا نصیر احمد صاحب سیکرٹری تعلیم و تربیت اٹلی

# چھٹا جلسہ سالانہ جماعت احمدیہ اٹلی

## حضورِ انور کا پیغام اور علمی و تربیتی موضوعات پر علماء سلسلہ کی تقاریر

اللہ تعالیٰ کے فضل اور احسان کے ساتھ جماعت احمدیہ اٹلی کو 13 اور 14، اکتوبر 2012ء کو اپنا چھٹا جلسہ سالانہ اپنے مشن ہاؤس بیت التوحید میں منعقد کرنے کی توفیق ملی۔ الحمدللہ

مشن ہاؤس کی زمین پر دو بڑے پنڈالز برائے مردانہ اور زنانہ جلسہ گاہ کے ساتھ حسب ضرورت کئی چھوٹے پنڈال بھی لگائے گئے تھے اور یوں پنڈالوں کا ایک چھوٹا سا شہر آباد تھا۔ یہاں یہ بات قابل ذکر ہے کہ مردانہ اور زنانہ جلسہ گاہ کیلئے پنڈال مقامی میونسپلٹی نے فراہم کئے تھے۔ یہ جلسہ سالانہ جون 2012ء میں منعقد ہونا تھا۔ لیکن اٹلی میں زلزلہ آنے کی وجہ سے اسے اکتوبر تک ملتوی کرنا پڑا۔

## پہلا دن

13۔اکتوبر 2012ء کو صبح 10:45 پر پرچم کشائی کی تقریب ہوئی۔ جماعت احمدیہ کا پرچم یوکے سے تشریف لانے والے حضورِ انور ایدہ اللہ کے نمائندہ خصوصی مکرم طاہر ندیم صاحب نے لہرایا جبکہ جماعت احمدیہ اٹلی کے نیشنل صدر مکرم عبد الفاطر ملک صاحب نے اٹلی کا پرچم لہرایا۔

جلسہ سالانہ کا باقاعدہ آغاز پروگرام کے مطابق عین 11:15 پر تلاوتِ قرآنِ کریم سے ہوا۔ نظم کے بعد نیشنل صدر صاحب نے حضورِ انور کا پیغام پڑھ کر سنایا۔

## حضورِ انور ایدہ اللہ کا خصوصی پیغام

''پیارے احباب جماعت احمدیہ اٹلی

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

الحمدللہ کہ جماعت احمدیہ اٹلی کو اپنا جلسہ سالانہ منعقد کرنے کی توفیق مل رہی ہے۔ میری دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ آپ کے اس جلسہ کو ہر لحاظ سے کامیاب و کامران کرے اور اس کی روحانی برکات سے پوری طرح فائدہ حاصل کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔

اس موقع پر میں آپ کو نہایت بنیادی اور اہم امر کی طرف توجہ دلانا چاہتا ہوں اور وہ ہے قیامِ صلوٰۃ۔ یعنی نماز پر قائم ہونا۔ قرآن کریم میں آیت استخلاف میں خلافت کی برکات کا تمام پہلوؤں سے جامع و مانع انداز میں ذکر کرنے کے بعد اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: یَعۡبُدُوۡنَنِیۡ ...... یعنی خلافت کے سایہ تلے پناہ لینے والے ہر قسم کے شرک سے پاک ہو کر صرف اور صرف میری ہی عبادت کرنے والے ہوں گے۔ نیز یہ حکم بھی فرمایا کہ اَقِیۡمُوا الصَّلٰوۃَ ...... یعنی جب خلافت کا نظام جاری کیا جائے تو اس وقت تمہارا یہ فرض ہے کہ خلافت کے ہاتھ مضبوط کرنے کے لئے نمازوں پر کاربند رہو اور خدا تعالیٰ کی راہ میں قربانی دو اور اس طرح اللہ کے رسول کی اطاعت کرو۔ یہ خدا تعالیٰ کا بے حد احسان ہے کہ حضرت اقدس مسیح موعود کے وصال کے بعد اُس نے جماعت احمدیہ کو خلافت کی نعمت سے نوازا ہے۔ پس خلافت احمدیہ کے استحکام کے لئے ضروری ہے کہ ہر احمدی اپنی نمازوں کی طرف توجہ دے تا کہ وہ انقلاب جو حضرت مسیح موعود کے ساتھ وابستہ ہے، جس کے نتیجہ میں دنیا کی اکثریت نے حضرت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے جھنڈے تلے جمع ہونا ہے وہ عمل میں آئے پس ہر احمدی اس بات کو ہمیشہ یاد رکھے اور اپنی نمازوں کی حفاظت، اپنی اولاد کی نمازوں کی حفاظت کی طرف توجہ دے تا کہ ہم جلد دنیا پر حضرت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا جھنڈا لہراتا ہوا دیکھیں۔

سیدنا حضرت اقدس مسیح موعود فرماتے ہیں:

''اگر خدا تعالیٰ سے سچا تعلق۔ حقیقی ارتباط قائم کرنا چاہتے ہو تو نماز پر کاربند ہو جاؤ اور ایسے کاربند بنو کہ تمہارا جسم نہ تمہاری زبان بلکہ تمہاری روح کے ارادے اور جذبے سب کے سب ہمہ تن نماز ہو جائیں''۔

(ملفوظات جلد اول صفحہ 107 تا 108۔ایڈیشن 2003ء)

پس آپ اپنی نمازوں کے قیام کی طرف توجہ دیں۔ اپنے بیوی بچوں کو بھی اس کی تلقین کرتے رہیں۔ یہ بنیادی چیز ہے۔ بنیادی حکم ہے اور یہی پیدائش کا مقصد ہے۔ اگر آپ اس کا حق ادا نہیں کر رہے تو پھر آپ جماعت کے حق کس طرح ادا کر سکتے ہیں۔ اس لئے اپنے جائزے لیں۔ جب نمازوں کی باقاعدہ ادائیگی ہوگی تو آپ کے تقویٰ کے معیار بڑھیں گے۔ اللہ تعالیٰ آپ کو اس کی توفیق دے اور ہر احمدی کا دل گداز ہو کر آستانہ الوہیت پر گر جائے۔ اللہ کرے کہ ہر احمدی کی نماز اس کی ذات پر اور اس کے خاندان پر بھی انعامات لانے والی ہو۔

پھر دوسری بات یہ ہے کہ آجکل بانی اسلام حضرت اقدس محمد مصطفی صلی اللہ علیہ وسلم کی ذات پاک پر حملے ہو رہے ہیں۔ ہر احمدی کا فرض ہے کہ ایک تو وہ کثرت سے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم پر درود وسلام بھیجے اور دوسرے ان حملوں کا دفاع کرنے کی کوشش کرے۔ آپ (صلی اللہ علیہ وسلم) کی اعلیٰ سیرت کے پہلوؤں کو دنیا میں اجاگر کرے۔ مَیں نے اس سے پہلے بھی دنیا کی تمام جماعتوں اور احمدیوں کو توجہ دلائی تھی اور اس موضوع پر خطبات دیئے تھے۔ میرے ان خطبات کی کثرت سے اشاعت کریں۔ اخبارات میں سیرت النبی صلی اللہ علیہ وسلم پر مضامین لکھیں۔ آپؐ کے پاک نمونے دنیا کے سامنے پیش کریں۔ ''لائف آف محمد (صلی اللہ علیہ وسلم)'' کے تراجم اپنے ملک کی زبان میں شائع کر کے مقامی لوگوں تک پہنچائیں اللہ تعالیٰ آپ سب کو اس کی بھی توفیق عطا فرمائے۔ (آمین)

والسلام۔خاکسار

مرزا مسرور احمد

خلیفۃ المسیح الخامس''

۞ حضورِ انور کے پیغام کے بعد مکرم صداقت احمد مربی سلسلہ جماعت احمدیہ سوئٹزر لینڈ و نمائندہ خصوصی حضورِ انور (حضورِ انور نے مکرم صداقت احمد صاحب اور مکرم طاہر ندیم صاحب دونوں کو اپنا نمائندہ خصوصی مقرر کیا تھا) نے افتتاحی تقریر کی اور دعا کروائی۔ مکرم صداقت احمد صاحب نے افتتاحی اجلاس کی صدارت بھی کی۔

۞ دوپہر 2:30 بجے، پہلے دن کا دوسرا اجلاس مکرم عبد الفاطر ملک صاحب نیشنل صدر کی زیر صدارت تلاوتِ قرآنِ پاک سے شروع ہوا۔ نظم کے بعد مکرم عطاء الواسع طارق صاحب مربی سلسلہ جماعت احمدیہ اٹلی نے ''بیعت امام الزمان اتحاد کا واحد ذریعہ''، نیشنل صدر صاحب نے ''موجودہ عالمی معاشی بحران میں ایک احمدی کی ذمہ داریاں'' اور خاکسار نے ''عائلی زندگی میں میاں بیوی کے حقوق و فرائض'' کے عنوانات پر تقاریر کیں۔ عرب نومبائعین احباب نے مل کر ترنم کے ساتھ قصیدہ پڑھا۔ اس سیشن کے بعد شام کو مجلس سوال وجواب کا انتظام کیا گیا تھا جس کے لئے تین زبانوں یعنی عربی، اردو، انگلش کے الگ الگ گروپ بنائے گئے تھے۔

## دوسرا دن

14۔اکتوبر نمازِ تہجد، نمازِ فجر اور درسِ قرآنِ کریم سے دن کا آغاز ہوا۔

دوسرے دن کے پہلے اجلاس کا آغاز زیر صدارت مکرم عطاء الواسع طارق صاحب مربی سلسلہ جماعت احمدیہ اٹلی تلاوتِ قرآنِ کریم سے ہوا۔ نظم کے بعد مکرم نصر عامری صاحب نیشنل سیکرٹری تعلیم القرآن نے ''دینی تعلیمات کی روشنی میں آپس میں تعلقات کو مضبوط کرنا''، مکرم بشیر الدین طوماسی صاحب نیشنل سیکرٹری دعوت الی اللہ نے ''دعوت الی اللہ اور ہماری ذمہ داریاں'' اور مکرم شاہد خلیل صاحب نے ''توحید باری تعالیٰ'' کے عنوانات پر تقریریں کیں۔ بعد ازاں گھانین دوستوں نے اپنے مخصوص انداز میں ترانہ پڑھا اور عرب دوستوں میں سے مکرم عباس عادل صاحب (نومبائع) نے اپنے تاثرات بیان کئے کہ میں نے احمدیت میں آ کر کیا پایا۔ تاثرات کے سلسلہ میں نومبائعین کی ایک وڈیو بھی دکھائی گئی۔

## لجنہ سیشن

14۔اکتوبر 2012ء کو صبح لجنہ پنڈال میں لجنہ کا ایک الگ اجلاس ہوا جس کی صدارت صدر لجنہ اماء اللہ اٹلی محترمہ ثمینہ ملک صاحبہ نے کی۔ تلاوت اور نظم کے بعد محترمہ ثمینہ ملک صاحبہ نے پانچ بنیادی اخلاق، محترمہ سکینہ طوماسی صاحبہ نے لجنہ اماء اللہ کی ذمہ داریاں اور مکرمہ شمس النہر صاحبہ نے مالی قربانیوں کی اہمیت کے عنوانات پر تقریریں کیں۔ دو نئی احمدی بہنوں نے بہت جذباتی اور پیارے انداز میں احمدیت کی جانب میرا سفر کے عنوان کے تحت اپنے تاثرات بیان کئے۔ ناصرات الاحمدیہ نے مل کر بہت پیاری نظمیں پڑھیں اور گھانین لجنہ نے مل کر اپنے مخصوص انداز میں لا الٰہ الا اللّٰہ پڑھا۔

اجلاسات کے وقفوں کے دوران بک سٹال اور چھوٹے سے بازار نے کافی توجہ حاصل کی۔

## اختتامی اجلاس

جلسہ سالانہ کا اختتامی اجلاس زیر صدارت مکرم طاہر ندیم صاحب تلاوت قرآن کریم سے شروع ہوا۔ نظم کے بعد مکرم نیشنل صدر صاحب نے لوکل کونسل کے میئر سمیت کچھ اور میئرز اور سیاست دانوں کے خیرسگالی کے پیغامات پڑھ کر سنائے۔ مکرم طاہر ندیم صاحب نے اختتامی تقریر کی اور دعا کروائی۔

اس جلسہ میں اللہ کے فضل سے دو عرب دوستوں نے بیعت کا اعلان کرنے کی سعادت حاصل کی۔ الحمدللہ

جلسہ سالانہ کی تمام کارروائی کا اٹالین، اردو، انگلش، عربی اور گھانین زبانوں میں ترجمہ ہوتا رہا۔ اٹالین زبان کا رواں ترجمہ اسٹیج پر ساتھ ساتھ ہی ہوتا رہا۔ جلسہ سالانہ میں کل حاضری اللہ تعالیٰ کے فضل سے 297 رہی۔

دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ جماعت پر اپنے فضلوں کی بارش نازل فرماتا رہے اور مزید ترقیات سے نوازتا رہے۔

(الفضل انٹرنیشنل 22 مارچ 2013ء)

# اطلاعات واعلانات

نوٹ: اعلانات صدر/امیر صاحب حلقہ کی تصدیق کے ساتھ آنا ضروری ہیں۔

## تقریب آمین

مکرم مدثر احمد چٹھہ صاحب معلم اصلاح وارشاد ٹھروہ منڈی ضلع سیالکوٹ تحریر کرتے ہیں۔

خاکسار کے بیٹے مستنصر احمد شائل وقف نو نے خدا تعالیٰ کے فضل سے قرآن مجید کا پہلا دور پانچ سال سات ماہ کی عمر میں مکمل کر لیا ہے۔ بچے کو قرآن مجید پڑھانے کی سعادت اُس کی والدہ محترمہ نادیہ مدثر صاحبہ کے حصہ میں آئی ہے۔ مورخہ 5۔اپریل 2013ء کو بعد نماز جمعہ بچے کی تقریب آمین کے موقع پر مکرم سمیع اللہ صاحب ناظم اطفال الاحمدیہ ضلع سیالکوٹ نے بچے سے قرآن مجید کا کچھ حصہ سُنا اور مکرم نصیر احمد صاحب صدر جماعت احمدیہ ٹھروہ منڈی ضلع سیالکوٹ نے دُعا کروائی۔ بچہ مکرم محمد امین چیمہ صاحب مربی سلسلہ نظارت اصلاح وارشاد مرکزیہ کا نواسہ اور مکرم ماسٹر غلام مرتضیٰ چٹھہ صاحب چک نمبر 40 جنوبی ضلع سرگودھا کا پوتا ہے۔ احباب جماعت سے دُعا کی درخواست ہے کہ اللہ تعالیٰ عزیزم کو قرآنی انوار وبرکات کو حاصل کرنے والا، سچا خادم سلسلہ اور خلافت احمدیہ کا سچا وفادار بنائے نیز اعلیٰ تعلیمی کامیابیوں سے نوازے۔ آمین

## تبدیلی نام

محترمہ شازیہ بی بی صاحبہ زوجہ مکرم مبارک احمد صاحب ساکن کھرپہ سیالکوٹ تحریر کرتی ہیں کہ میں نے اپنا نام شازیہ پروین سے تبدیل کر کے شازیہ بی بی رکھ لیا ہے۔ آئندہ مجھے اسی نام سے لکھا اور پکارا جائے۔ شکریہ

## درخواست دعا

مکرم رانا عبدالحکیم خان صاحب کاٹھگڑھی دارالعلوم شرقی حلقہ نور ربوہ بلڈ پریشر کے اتار چڑھاؤ کی وجہ سے بیمار ہیں۔ احباب سے دعا کی درخواست ہے۔ کہ اللہ تعالیٰ شفائے کاملہ وعاجلہ دے اور جملہ پیچیدگیوں سے محفوظ رکھے۔

مکرم رانا بشارت احمد صاحب میر پور آزاد کشمیر بعارضہ قلب بیمار ہیں۔ احباب سے دعا کی درخواست ہے۔ کہ اللہ تعالیٰ شفائے کاملہ وعاجلہ دے اور جملہ پیچیدگیوں سے محفوظ رکھے۔

عطیہ خون خدمت خلق ہے

## درخواست دعا

مکرم ظفر اقبال ساہی صاحب مربی سلسلہ نظارت اصلاح وارشاد مرکزیہ ربوہ تحریر کرتے ہیں۔

خاکسار کے والد محترم چوہدری ریاض احمد ساہی صاحب آف ڈسکہ کلاں بعارضہ جگر کینسر بیمار ہیں۔ طبیعت کافی خراب ہے اور کمزوری زیادہ ہے۔ احباب سے درخواست دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ شفائے کاملہ وعاجلہ عطا فرمائے اور جملہ پیچیدگیوں سے محفوظ رکھے۔ آمین

## اعلان دارالقضاء

(مکرم ملک فہیم احمد صاحب ترکہ مکرم ملک ناصر الدین صاحب مرحوم)

مکرم ملک فہیم احمد صاحب نے درخواست دی ہے کہ میرے والد مکرم ملک ناصر الدین صاحب وفات پا چکے ہیں۔ ان کے نام قطعہ نمبر 18 بلاک نمبر 10 محلّہ دارالصدر برقبہ 4 کنال 1 مرلہ 58 مربع فٹ میں سے 1 مرلہ 188 مربع فٹ بطور مقاطعہ گیر منتقل کردہ ہے۔ لہٰذا یہ حصہ درج ذیل ورثاء میں بحصص شرعی منتقل کر دیا جائے۔

**تفصیل ورثاء**

1۔مکرم ملک وسیم احمد صاحب (بیٹا)
2۔مکرم ملک فہیم احمد صاحب (بیٹا)
3۔مکرمہ صبیحہ ناصر صاحبہ (بیٹی)
4۔مکرمہ فوزیہ ظفر صاحبہ (بیٹی)
5۔مکرم ملک عامر رضوان صاحب (مرحوم) بیٹا

**ورثاء مرحوم**

(i) مکرمہ صالحہ صاحبہ (بیوہ)
(ii) مکرمہ فاطمہ رضوان صاحبہ (بیٹی)
(iii) مکرمہ عائشہ رضوان صاحبہ (بیٹی)

بذریعہ اخبار اعلان کیا جاتا ہے کہ کسی وارث یا غیر وارث کو اس منتقلی پر اگر کوئی اعتراض ہو تو وہ تیس یوم کے اندر اندر دفتر ہٰذا کو تحریراً مطلع فرمائیں۔

(ناظم دارالقضاء ربوہ)

عطیہ چشم خدمت خلق ہے

مرسلہ: مکرم حنیف محمود صاحب

حاصل مطالعہ

# اجتماعی توبہ کا وقت

جناب محبوب اے شاہ نے قوم کی حالتِ غیر کا نقشہ اپنے ایک کالم میں اجتماعی توبہ کا وقت کے تحت یوں کھینچا ہے۔

میرے آقا روحی فدا صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ مسلمان سب کچھ کر سکتا ہے لیکن جھوٹ نہیں بول سکتا۔ آج ہم صرف جھوٹ بولتے ہیں اور جھوٹ پر یقین رکھتے ہیں۔ جھوٹ ہی سے ہم کاروبار چلاتے ہیں۔ اور جھوٹ ہی سے رزق کماتے ہیں۔ پھر اس میں برکت کیسے ہوگی؟ میرے آقا روحی فدا صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ سود مت کھاؤ؟ سود کا کاروبار مت کرو، یہ اللہ رب العزت کے ساتھ کھلی جنگ ہے (استغفراللّٰہ) آپؐ نے فرمایا کہ سود کھانے والے اور سود کا کاروبار کرنے والے حتیٰ کہ اس لین دین کی تحریر کرنے والے بھی برابر کے شریک ہیں یہاں تک کہ اس جرم کی آخری نوعیت اس قدر سنگین ہے جیسے کسی شخص نے اپنی ماں کے ساتھ بُرائی کی ہو۔ لیکن آپ غور فرمائیے کہ آج سود لینا اور دینا ایک جائز رواج بن چکا ہے، سودی کاروبار کرنے کے علاوہ ہمارے پاس کوئی راستہ نہیں ہے۔ ہم بینکوں سے سود پر روپیہ لے کر فیکٹریاں لگاتے ہیں، کاروبار کرتے ہیں اور قدرت کے ساتھ کھلی جنگ کے مرتکب ہو رہے ہیں لیکن سمجھتے نہیں۔ ہماری نمازیں، روزے اور زکوٰۃ کس کام کی جب ہماری بنیاد ہی غلط ہے۔

آج نفسانفسی کا عالم ہے۔ پڑوسی ایک دوسرے کو نہیں جانتے۔ وہ بڑے بڑے بنگلوں سے گاڑیوں میں نکلتے ہیں اور گاڑیوں سمیت ہی گھروں کے اندر داخل ہو جاتے ہیں جبکہ اسلام میں پڑوسیوں کے بے شمار حقوق ہیں۔ قدرت نے پڑوسیوں کے اتنے حقوق رکھے ہیں کہ نبی کریمؐ نے فرمایا کہ مجھے خدشہ ہونے لگا کہ کہیں پڑوسی پڑوسی کی وراثت کا حصہ دار ہی نہ بن جائے۔ لیکن ہم دولت کے نشے میں امیر سے امیر تر ہو جانے کی دھن میں اس قدر مست ہیں کہ ہمیں کسی کی کوئی خبر نہیں۔ مسلمان، مسلمان کا بھائی کب رہا ہے۔ قرآن پاک میں قدرت نے واضح فرمایا کہ ہم نے سمندروں کی حدیں مقرر کر رکھی ہیں، وہ ان سے تجاوز نہیں کر سکتے لیکن انسان اپنی ساری حدیں پھلانگ جاتا ہے۔ تاریخ شاہد ہے کہ جن اقوام نے اپنی حدود سے تجاوز کیا قدرت نے انہیں صفحۂ ہستی سے ہی مٹا دیا، قدیم کھنڈرات اس کا منہ بولتا ثبوت ہیں۔

قیامت کی نشانیوں میں سے یہ نشانیاں بھی ہیں کہ قتل و غارت عام ہوگی، قتل کرنے والے کو علم نہیں ہوگا کہ اس نے کیوں قتل کیا اور مقتول کو یہ معلوم نہیں ہوگا کہ اس کو کس جرم کی پاداش میں قتل کیا گیا۔ لوگ نمازی، پرہیزگاروں کی بجائے مالداروں اور بدمعاشوں کی عزت کریں گے۔ بڑے بزرگ اپنے نوجوان بچوں سے ڈریں گے۔ بے حیائی عام ہوگی اور گھر گھر ناچ گانا ہوگا۔ آج ذرا غور فرمائیں، ہر گھر میں کیبل، انٹرنیٹ اور فحاشی نے اپنے پنجے خوب گاڑے ہوئے ہیں۔ فلموں اور ڈراموں میں جس قدر فحاشی دکھائی جاتی ہے، شیطان بھی توبہ توبہ کر اٹھتا ہے۔ اسی طرح قیامت کی نشانیوں میں علماء کرام کا ذکر ہے کہ وہ من گھڑت قصے سنا کر لوگوں کو اپنا گرویدہ کر لیں گے اور اپنے پیروکاروں کو اپنے فوائد کے لئے استعمال کریں گے۔ بات بات پر پھر جائیں گے اور جھوٹ بولیں گے لیکن لوگ ان پر پھر بھی اندھا دھند اعتماد کریں گے۔ حتیٰ کہ جیسے عوام ہوں گے ویسے ان پر حکمران مسلط کر دیئے جائیں گے۔ آج ہمارے حکمران جس طرح ہمارے اوپر مسلط ہیں اس کا مطلب ہے کہ وہ ہمارے گناہوں کی پاداش میں ہمارے حکمران ہیں۔ اس کے لئے ضروری ہے کہ قوم اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں سچی توبہ کرے۔ ہمیں اس وقت اجتماعی توبہ کرنے کی ضرورت ہے تاکہ اللہ تعالیٰ ہمیں مزید عذاب سے بچائے۔

(روزنامہ خبریں 21 فروری 2013ء)

## دورہ نمائندہ مینیجر روزنامہ الفضل

مکرم رفیع احمد رند صاحب نمائندہ مینیجر روزنامہ الفضل آجکل توسیع اشاعت، وصولی واجبات اور اشتہارات کیلئے ملتان، بہاولپور، ڈیرہ غازیخان اور بہاولنگر کے اضلاع کے دورہ پر ہیں احباب جماعت واراکین عاملہ اور مربیان کرام سے خصوصی تعاون کی درخواست ہے۔

مکرم نعیم احمد صاحب اٹھوال نمائندہ مینیجر روزنامہ الفضل آجکل توسیع اشاعت، وصولی واجبات اور اشتہارات کے حصول کیلئے ضلع فیصل آباد کے دورہ پر ہیں۔ احباب جماعت واراکین عاملہ، مربیان کرام اور صدران جماعت سے خصوصی تعاون کی درخواست ہے۔

(مینیجر روزنامہ الفضل)

## ایم ٹی اے کے اہم پروگرام

### 22/اپریل 2013ء

| | |
|---|---|
| 2:00 am | یوکے کی بیوت الذکر کی رپورٹ |
| 3:00 am | خطبہ جمعہ فرمودہ 19/اپریل 2013ء |
| 6:50 am | گلشن وقف نو |
| 8:35 am | خطبہ جمعہ فرمودہ 19/اپریل 2013ء |
| 9:55 am | لقاء مع العرب 27 مارچ 1996ء |
| 12:05 pm | حضور انور کا دورہ مغربی افریقہ 3/اپریل 2004ء |
| 2:00 pm | فرنچ ملاقات پروگرام 9 فروری 1998ء |
| 6:05 pm | خطبہ جمعہ فرمودہ 29 جون 2007ء |
| 9:00 pm | راہ ہدیٰ |
| 11:20 pm | حضور انور کا دورہ مغربی افریقہ |

عجائبات عالم

## سیسٹائن چیپل ۔ ویٹی کن سٹی

### مذہب اور آرٹ کی نادر عکاسی

دنیا بھر میں جتنی بھی عبادت گاہیں تعمیر کی جاتی ہیں خواہ وہ مساجد ہوں مندر ہوں گرجے ہوں چیپل ہو یا سیناگاگ وہ اس مذہب کے بنیادی فلسفہ حیات، بندے اور اس کے رب کے درمیان مطلوب تعلق کی نوعیت، زندگی میں مذہب کی فوقیت و عملداری اور روحانی وابستگی اور بالیدگی کی انسانی خواہش کی بھی تصویر کشی کرتی ہیں۔ سیسٹائن چیپل ایسا ہی ایک عبادت خانہ ہے جس نے عیسائیت کے بنیادی نظریہ زندگی اور بائبل میں درج کائنات کی تخلیق کی کہانیوں کو تصویری شکل میں پیش کر کے بائبل کی تعبیر و تشریح کی۔ اس کے ساتھ ہی آرٹ، فن اور مصوری کی دنیا میں بھی ایک نیا شاہکار نمودار ہوا۔

رومن کیتھولک پوپ کی سرکاری رہائش گاہ ویٹی کن سٹی کے ویٹی کن پیلس میں ہے۔ اس پیلس کے ساتھ ہی سیسٹائن چیپل واقع ہے۔ جسے پوپ سیکٹس چہارم نے 1475ء سے 1483ء کے دوران بنوایا تھا۔ سیسٹائن چیپل 132 فٹ لمبا اور 44 فٹ چوڑا ہے۔ اس گرجے کی پیمائش بائبل میں درج حضرت سلیمانؑ کے ہیکل سلیمانی کی پیمائش کے مطابق کی گئی۔ اس کی لمبائی اس کی بلندی سے دوگنا اور چوڑائی سے تین گنا ہے۔ اس کی جنوبی دیوار پر حضرت عیسیٰؑ کی زندگی کے مختلف واقعات کو پینٹنگ کے ذریعے پیش کیا گیا ہے۔

جبکہ شمالی دوار پر حضرت موسیٰؑ کی زندگی کی تصویروں کے ذریعے سامنے ہے۔ جب یہ چیپل تعمیر ہوا اس وقت ہال کی چھت بالکل سادہ تھی۔ پھر بعد میں 1508ء میں پوپ سکیٹس کے بھتیجے پوپ جولیس دوم نے مائیکل اینجلو کو سیسٹائن گرجا کی چھت کی آرائش کا کام سونپا۔ جب تیاری کے بعد گرجے کی چھت عوام کے سامنے آئی تو وہ ششدر رہ گئے۔

سیسٹائن چیپل کی چھت پر بنی ہوئی تصاویر ایک بہت بڑی کہانی کی صورت میں دیکھنے والوں کی نگاہوں کے سامنے آتی ہیں۔ جس میں دکھایا گیا ہے کہ بائبل کے مطابق اللہ تعالیٰ حضرت آدمؑ کو مٹی سے بنا رہا ہے اور ان میں کس طرح روح پھونکی جاتی ہے۔ اس گرجے کی چھت پر مائیکل اینجلو کا یہ آخری کام نہیں تھا۔ 1535ء میں پوپ پال سوم کی درخواست پر وہ ایک بار پھر یہاں آیا اور اس نے آخری سرے کی دیوار کے مناظر تبدیل کر کے آخری فیصلے کے منظر یہاں پینٹ کئے۔ اس نے اس کام کو چھ سال میں مکمل کرلیا۔

الصادق اکیڈمی بوائز دارالصدر جنوبی
کلاس 6th تا 9th داخلہ جاری
الصادق اکیڈمی جماعتی اداروں کے شانہ بشانہ پچھلے 25 سال سے اہالیان ربوہ کی تعلیمی میدان میں خدمت میں پیش پیش
● پریپ تا کلاس فائیو گرلز سیکشن میں داخلے جاری ہیں
● فیصل آباد بورڈ سے الحاق شدہ
● چند اساتذہ کی آسامیاں خالی ہیں
پرنسپل الصادق بوائز نزد مریم ہسپتال ربوہ 0476214399

سیل ۔ سیل ۔ سیل
دو لیڈیز جوتوں کے ساتھ 1 جوتا بالکل فری
سکول شوز صرف -/200 روپے میں
بچوں کا جوتا صرف -/200 روپے میں
محدود مدت کے لئے
کامران شوز ریلوے روڈ ربوہ

شادی بیاہ و دیگر تقریبات پر کھانے پکوانے کا بہترین مرکز
مجید پکوان سنٹر 4/3 یادگار روڈ ربوہ
پروپرائیٹر: فرید احمد 0302-7682815

فاتح جیولرز
www.fatehjewellers.com
Email:fatehjeweller@gmail.com
ربوہ فون نمبر: 0476216109
موبائل 0333-6707165

اللہ تعالیٰ کے فضل اور رحم کے ساتھ
FRS RABWAH
فیوچر ریس سکول ربوہ
● یورپین طرز تعلیم، کوئی ہوم ورک نہیں۔
● بی ایس سی اور ماسٹرز ٹیچرز کی ضرورت ہے
● نرسری تا پنجم داخلے جاری ہیں۔
نیو کیمپس کا آغاز دارالصدر شمالی
گرلز کیلئے ششم ہفتم کے داخلے جاری ہیں
دارالصدر شرقی عقب فضل عمر ہسپتال ربوہ
فون: 047-6213194 موبائل 0332-7057097

KOHISTAN STEEL
DEALERS OF PAKISTAN STEEL MILLS CORPORATION LTD AND IMPORTERS
Talib-e-Dua: Mian Mubarik Ali

Tayyab Ahmad
Express Center Incharge
0321-4738874
First Flight Express (Regd.)
INTERNATIONAL COURIERS & CARGO SERVICES
DHL VIA DUBAI
Lahore:
Al-Riaz Nursery D-Block Faisal Town
Main Peco Road Lahore.Pakistan
PH:0092 42 35167717, 37038097
Fax:0092 42 35167717
35175887

Skylite Institute of Information Technology
Educating People
داخلے جاری ہیں
Spoken English
Android/i Phone Apps Development
Computer Basics
Microsoft Office
Graphics Designing
Web Development
Online Marketing
آج ہی تشریف لائیں اور کورسز کے بارے میں مکمل رہنمائی حاصل کریں۔
4/14. 2nd Floor, Gole Bazar Rabwah, PH: 047-6211002, E-mail: siit@skylite.com

ربوہ میں طلوع و غروب 22/اپریل

| | |
|---|---|
| طلوع فجر | 4:05 |
| طلوع آفتاب | 5:30 |
| زوال آفتاب | 12:09 |
| غروب آفتاب | 6:44 |

ہاضمے کا لذیذ چورن
تریاق معدہ
کھانا ہضم کرتا ہے
NASIR ناصر
ناصر دواخانہ (رجسٹرڈ) گولبازار ربوہ
Ph:047-6212434

All ToP Brand
گل احمد، نشاط، فردوس، اتحاد
لبرٹی فیبرکس
اقصیٰ چوک ربوہ: +92-47-6213312

سیل ۔ سیل ۔ سیل
ربوہ کی تاریخ میں پہلی مرتبہ
ہر لیڈیز جوتے کے ساتھ 1 جوتا فری
مردانہ جوتا سیل (300) روپے
مس کولیکشن شوز
اقصیٰ روڈ ربوہ

خدا تعالیٰ کے فضل و رحم کے ساتھ
αδσ
النور ڈیپارٹمنٹل سٹور
مہران مارکیٹ اقصیٰ روڈ ربوہ
FREE HOME DELIVERY
پروپرائٹر: رانا احسان اللہ خاں
047-6215227, 0332-7057097

FR-10